# جیمز اینڈ جیولری پاکستان

نواں شمارہ
جولائی تا دسمبر ۲۰۱۵

آفیشل نیوز لیٹر پاکستان جیمز اینڈ جیولری ڈیولپمنٹ کمپنی


## اداریہ

معزز قارئین خوش آمدید !

پاکستان جیمز اینڈ جیولری ڈویلپمنٹ کمپنی کا نواں شمارہ حاضر خدمت ہے۔

اس شمارے میں گزشتہ چھ ماہ (جولائی تا دسمبر ۲۰۱۵) کے دوران کمپنی کی جانب سے جیمز اینڈ جیولری سیکٹر کی ترقی کے لئے کی جانے والی کاوشوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اس شمارے میں کمپنی کے ٹریننگ سینٹرز میں منعقد کئے گئے تربیتی پروگراموں کی تفصیلات، معزز شخصیات کے کمپنی اور پراجیکٹس کے دوروں اور مختلف نمائشوں میں کمپنی کی شرکت کے بارے معلومات بھی شامل کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ قیمتی پتھر "زمرد" جو کہ پاکستان کی پہچان سمجھا جاتا ہے کے بارے میں ایک مفصل معلوماتی مضمون کو بھی اس شمارے کا حصہ بنایا گیا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اس شمارے کے زریعے دی جانے والی معلومات آپ کی دلچسپی کا باعث ہوں گی۔

علاوہ ازیں آپ سے گزارش کی جاتی ہے کہ ہمیشہ کی طرح اس دفعہ بھی آپ ہمیں اپنی قیمتی آراء سے ضرور آگاہ کریں۔

# کمپنی کی سرگرمیاں اور خبریں

## مظفرآباد اور سرگودھا میں تربیتی سرگرمیوں کا آغاز:





مظفرآباد اور سرگودھا میں تربیتی سرگرمیوں کا آغاز ہو چکا ہے اور مختلف ٹریننگ پروگرامز بھرپور طریقے سے جاری ہیں۔ ان مراکز میں جدید مشینری پر بین الاقوامی تربیت یافتہ اساتذہ کی زیرنگرانی طلبہ کو تربیت دی جاتی ہے۔ ان دونوں مراکز میں جیم لیب بھی بنائی گئی ہیں تا کہ قیمتی پتھروں کی شناخت کی سہولت سیکٹر کو فراہم کی جا سکے اور لوگوں کا پاکستانی مصنوعات پر اعتماد بڑھ سکے۔

مظفرآباد ٹریننگ سینٹر میں تربیتی سرگرمیوں کا آغاز جیم اسٹون آئیڈینٹیفیکیشن، جیم اسٹون کارونگ اور فیسٹنگ کے پروگراموں کے ذریعے کیا گیا ہے جبکہ سرگودھا ٹریننگ سینٹر میں جیم اسٹون آئیڈینٹیفیکیشن، کمپیوٹرائیڈ جیولری ڈیزائننگ (CAD)، بیسک جیولری مینوفیکچرنگ، اور جیولری پیٹرن میکنگ، ان ویکس کے تربیتی پروگرام جاری ہیں۔ تربیتی سرگرمیوں کے علاوہ ان ٹریننگ سینٹرز میں سیکٹر کے لئے مینوفیکچرنگ کی سہولیات کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

## پاک تھائی لینڈ تجارتی کمیشن میں شرکت:

پاک تھائی لینڈ تجارتی کمیشن کا تیسرا اجلاس ۱۲ اگست ۲۰۱۵ کو اسلام آباد میں منعقد کیا گیا۔ جناب خرم دستگیر خان وزیر برائے تجارت نے اس اجلاس کی صدارت کی۔ اس اجلاس کے دوران دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعاون کو بڑھانے کے سلسلے میں بات چیت ہوئی۔

پی جی جے ڈی سی کے جنرل منیجر نے اس اجلاس میں کمپنی کی نمائندگی کی اور انہوں نے زیورات اور قیمتی پتھروں کی صنعت کو فروغ دینے کے لیے کی جانے والی کمپنی کی کاوشوں پر روشنی ڈالی۔ پاکستان سے تعلق رکھنے والے قیمتی پتھروں اور زیورات کے تاجروں کو تھائی لینڈ میں پیش آنے والی مشکلات کو حل کرنے اور پاکستان اور تھائی لینڈ کے مابین تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر جیمالوجیکل انسٹیٹیوٹ آف تھائی لینڈ (GIT) اور کمپنی نے باہمی تعاون کرنے پر اتفاق کیا جس کی جزیات باہمی رضامندی سے بعد میں طے کی جائیں گی۔






# کمپنی کی سرگرمیاں اور خبریں

## ڈائریکٹر پاکستان انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ (PIM) کا کمپنی ہیڈ آفس کا دورہ:





پاکستان انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ کے ڈائریکٹر نے ۱۰ دسمبر ۲۰۱۵ کو پی جی جے ڈی سی ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ (PIM) وزارتِ صنعت و پیداوار کا ایک ذیلی ادارہ ہے جو مارکیٹنگ اور مینجمنٹ کے مختلف شعبوں میں ٹریننگ فراہم کرتا ہے۔

اس دورے کے دوران دونوں اداروں کے درمیان باہمی اشتراک کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو نے کمپنی کی کاوشوں پر روشنی ڈالی اور شرکاء کو ان کاوشوں کے جیم اینڈ جیولری صنعت پر مرتب ہونے والے مثبت اثرات سے آگاہ کیا۔

## پی جی جے ڈی سی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی میٹنگز:





پی جی جے ڈی سی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تیئیسویں میٹنگ 17 ستمبر 2015ء کو جبکہ چوبیسویں میٹنگ 29 دسمبر 2015ء کو کمپنی کے ہیڈ آفس کراچی میں منعقد کی گئیں۔

پی جی جے ڈی سی بورڈ کی ہیومن ریسورس کمیٹی، فنانس اور آڈٹ کمیٹی، پروکیورمنٹ کمیٹی اور مارکیٹنگ کمیٹی کی میٹنگز بھی اسی دوران منعقد کی گئیں جن میں کمپنی کے مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔

## آل پاکستان کمرشل ایکسپورٹر ایسوسی ایشن (APCEA) کے جیمز اور منرل شو میں پاکستان جیمز اینڈ جیولری ڈویلپمنٹ کمپنی کا تعاون:

آل پاکستان کمرشل ایکسپورٹر ایسوسی ایشن (APCEA) نے (۳۱ جولائی سے ۲ اگست ۲۰۱۵) کو پندرھویں پاکستان جیمز اینڈ منرل شو کا انعقاد کیا۔ یہ نمائش اسلام آباد ہوٹل میں منعقد کی گئی۔ کمپنی نے اس نمائش کی مارکیٹنگ اور اسٹال بکنگ کے سلسلے میں (APCEA) کے ساتھ بھرپور تعاون کیا ۔ مزید براں اسٹال ہولڈرز اور خریداروں کی سہولت کے لئے کمپنی نے قیمتی پتھروں کو جانچنے اور شناخت کرانے کے لئے جیم لیب (Gemstone identification laboratory) کا اہتمام بھی کیا۔ تاکہ جیم سٹون شناخت کرنے کی سہولت رعایتی نرخوں پر فراہم کی جاسکے۔

## ممبران قومی اسمبلی کا ٹریننگ سینٹر کوئٹہ کا دورہ :





مسز منزہ حسن، مسز نفیسہ عنایت اللہ (ممبران قومی اسمبلی) اور مسز فہمیدہ جمالی نے یکم ستمبر ۲۰۱۵ء کو پی جی جے ڈی سی کے کوئٹہ ٹریننگ سینٹر کا دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران پرنسپل نے معزز مہمانوں کو ٹریننگ سینٹر میں طلبہ کے لئے فراہم کی جانے والی سہولیات سے آگاہ کیا۔ اراکینِ پارلیمنٹ نے ٹریننگ سینٹر میں فراہم کی جانے والی سہولیات کی بہت تعریف کی اور بلوچستان کے جیمز اینڈ جیولری سیکٹر کی فلاح و بہبود کے لئے کی جانے والی کمپنی کی کاوشوں کو سراہا۔

## کوئٹہ میں بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت:

بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ سائنسز کوئٹہ اور ہائر ایجوکیشن کمیشن نے مشترکہ طور پر نو اور دس اکتوبر ۲۰۱۵ کو دوسری بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کیا۔ جس کا موضوع تھا۔

*Emerging Issues in Management and Economics (ICEIME 2015).*





اس کانفرنس میں پرنسپل (GJTMC کوئٹہ) نے "Analyzing the Opportunity Recognition by Women Entrepreneurs in Quetta: The Role of Prior Knowledge and Social Network" کے موضوع پر ایک تحقیقی مقالہ بھی پیش کیا۔

اس کانفرنس نے ملکی اور بین الاقوامی ماہرین، محققین، طلبہ اور تعلیمی شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایک پلیٹ فارم مہیا کیا تا کہ وہ اپنی تحقیق، علم اور معلومات ایک دوسرے تک پہنچا سکیں۔

# میٹنگز

## جیمز اینڈ جیولری سیکٹر کے نمائندوں کے ساتھ ملاقات: (۱۰ اکتوبر ۲۰۱۵)

کراچی کے جیمز اینڈ جیولری سیکٹر کے نمائندوں کے ساتھ ۱۰ اکتوبر ۲۰۱۵ کو پی جی جے ڈی سی ہیڈ آفس کراچی میں ایک میٹنگ کا اہتمام کیا گیا۔ اس میٹنگ کی صدارت کمپنی کے بورڈ کے چیئرمین نے کی۔ میٹنگ کا انعقاد کمپنی کی خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لئے سیکٹر سے آراء لینے کے لئے کیا گیا تھا۔ شرکاء نے جیمز اینڈ جیولری سیکٹر کی ترقی کے لئے کی جانے والی کمپنی کی کاوشوں کو سراہا اور ان کو مزید بہتر بنانے کے لئے اپنی آراء پیش کیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اسطرح کی ملاقاتیں مستقل بنیادوں پر منعقد کی جانی چاہیئے تا کہ پرائیویٹ سیکٹر اس انڈسٹری کے فروغ میں فعال کردار ادا کر سکے۔





## آزاد کشمیر چیمبر آف کامرس اور معدنی، صنعتی، ترقیاتی کارپوریشن کے وفود سے ملاقات:

چیف ایگزیکٹو کے مظفر آباد ٹریننگ سینٹر کے دورے کے دوران ۱۲ اکتوبر ۲۰۱۵ء کو ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا اس میٹنگ میں آزاد کشمیر چیمبر آف کامرس اور معدنی، صنعتی، ترقیاتی کارپوریشن کے وفود اور میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو نے اس سیکٹر کی فلاح کے لئے کی جانیوالی خدمات پر روشنی ڈالی۔ اور ٹریننگ سینٹر میں موجود تربیتی سہولیات اور ٹریننگ پروگرام کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔
شرکاء نے ٹریننگ سینٹر میں فراہم کی جانے والی سہولیات میں بہت دلچسپی لی اور پی جی جے ڈی سی کی خدمات کو سراہا۔





## صرافہ ایسوسی ایشن سرگودھا کے ساتھ میٹنگ:

چیف ایگزیکٹو پی جی جے ڈی سی نے ۱۳ اکتوبر ۲۰۱۵ کو ٹریننگ سینٹر سرگودھا کا دورہ کیا۔ جس کے دوران سرگودھا صرافہ ایسوسی ایشن کے ساتھ میٹنگ کا اہتمام کیا گیا۔ اس میٹنگ میں ایسوسی ایشن کے صدر، کمپنی کے بورڈ کے ڈائریکٹر میاں عبدالجبار، جنرل سیکٹری اور دیگر ممبران نے شرکت کی۔




چیف ایگزیکٹو پی جی جے ڈی سی نے کمپنی کے مقاصد اور جیمز اینڈ جیولری سیکٹر کی فلاح کے لئے کی جانے والی کمپنی کی کاوشوں سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ انہوں نے سرگودھا میں ٹریننگ سینٹر کے قیام اور تربیتی سہولیات پر روشنی ڈالی اور شرکاء سے درخواست کی کہ وہ ان تربیتی پروگراموں سے فائدہ اٹھائیں تا کہ سرگودھا اور اس کے آس پاس کے علاقوں سے متعلقہ سیکٹر کے لوگوں کی ترقی ہو سکے۔ شرکاء نے کمپنی کی کاوشوں کو سراہا اور اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔



## جیمز اینڈ جیولری سیکٹر کے نمائندوں ساتھ میٹنگ: (۲۴ نومبر ۲۰۱۵)

جیمز اینڈ جیولری سیکٹر کے نمائندوں کے ساتھ (۲۴ نومبر ۲۰۱۵) کو ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں انڈین جیولرز کی (SAARC) ٹریڈ فیئر میں شرکت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ لاہور میں ۴-۶ دسمبر ۲۰۱۵ کو (SAARC) اور وومین چیمبر کی شراکت سے ایک نمائش کا انعقاد کیا جا رہا تھا۔ جیمز اینڈ جیولری سیکٹر کو اس نمائش میں انڈین جیولرز کی شرکت پر تحفظات تھے۔ انہوں نے پی جی جے ڈی سی سے رابطہ کیا تا کہ ان کے تحفظات حکومت تک پہنچائے جاسکیں۔ کمپنی نے ان کے تحفظات کو بغور سنا اور انکی آراء کو حکومت تک پہنچایا تا کہ سیکٹر کے تحفظات دور کئے جاسکیں۔



# ٹریننگ



مس راحیلہ حمید درانی، ایم پی اے بلوچستان نے جی جے ٹی ایم سی کوئٹہ کا دورہ کیا اور طلبہ میں اسناد تقسیم کیں۔



چیمبر آف اسمال انڈسٹریز کوئٹہ کے ساتھ میٹنگ۔




جی جے ٹی ایم سی کراچی میں تیسری تقریبِ تقسیم اسناد، چیئر مین پی جی جے ڈی سی کی زیرِ صدارت 12 اگست 2015ء کو منعقد کی گئی۔

## ڈسٹرکٹ آفیسر پاکستان بیت المال سے ملاقات:

ڈائریکٹر جی جے ٹی ایم سی گلگت نے ڈسٹرکٹ آفیسر پاکستان بیت المال گلگت سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کم آمدنی والا طبقہ خصوصاً خواتین کیلئے آمدنی بڑھانے کیلئے ٹریننگ پروگرام منعقد کروانے پر غوروغوض کیا گیا۔ گلگت بلتستان میں قیمتی پتھروں کی وسیع دستیابی کو مدِنظر رکھتے ہوئے ڈائریکٹر جی جے ٹی ایم سی گلگت نے مشورہ دیا کہ ''جیمز اور جیولری'' سیکٹر کے ٹریننگ پروگرام کو بیت المال ووکیشنل ٹریننگ پروگرام کا حصہ بنایا جائے۔


## ٹریننگ پروگرامز

1. جیمز اسٹون آئیڈینٹی فیکیشن
2. ڈائمنڈ گریڈنگ
3. جیم اسٹون فیسیٹنگ
4. جیم اسٹون کارونگ
5. مینول جیولری ڈیزائننگ
6. کمپیوٹرائیڈڈ جیولری ڈیزائننگ اینڈ مینوفیکچرنگ (CAD/CAM)
7. ویکس کارونگ
8. جیولری مینوفیکچرنگ
9. جیولری فنشنگ اینڈ پالشنگ
10. اسٹون سیٹنگ
11. بیڈز اینڈ وائر جیولری میکنگ
12. پٹوا (PATWA)
13. کان کنی
14. ڈپلومہ پروگرام






ڈائریکٹر بہبود ایسوسی ایشن کا 18 اگست 2015ء کو جی جے ٹی ایم سی کراچی کا دورہ۔



جناب عزیز اللہ چانڈیو۔ ڈپٹی ڈائریکٹر NAVTTC، جناب نصیر۔ ڈائریکٹر ایڈمن NAVTTC، اور جناب ملک ارشد۔ مینیجر فنانس NAVTTC کا 19 اگست 2015ء کو جی جے ٹی ایم سی کراچی کا دورہ۔




یکم ستمبر 2015ء کو جی جے ٹی ایم سی کراچی میں میناکاری پر ایک معلوماتی ورکشاپ کا انعقاد۔





آل پاکستان کمرشل ایکسپورٹر ایسوسی ایشن پشاور کے وفد کا جی جے ٹی ایم سی پشاور کا دورہ۔



وائس چانسلر داؤد انجینئرنگ یونیورسٹی کا اپنی فیکلٹی ممبران کے ساتھ 9 ستمبر 2015ء کو جی جے ٹی ایم سی کراچی کا دورہ۔




جی جے ٹی ایم سی کراچی میں موجود تربیتی سہولیات کو متعارف کرانے کے لئے 3 ستمبر 2015ء کو ایک معلوماتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت چیئرمین اور سی ای او (CEO) پی جے ڈی سی نے کی۔





جی جے ٹی ایم سی لاہور میں ہنر مند پاکستان پروگرام کے تحت جاری ٹریننگ۔



جی جے ٹی ایم سی سرگودھا میں پہلے ٹریننگ پروگرام کا انعقاد



جی جے ٹی پی سی مظفر آباد میں پہلے ٹریننگ پروگرام کا انعقاد



ممبران پاکستان جیمز اینڈ منرل ایسوسی ایشن، جی جے ٹی ایم سی گلگت میں ای کامرس پورٹل پر معلوماتی لیکچر لیتے ہوئے۔



جی جے ٹی ایم سی گلگت میں جیم ٹیسٹنگ لیبارٹری میں چینی خریدار اپنے قیمتی پتھروں کی جانچ کراتے ہوئے۔



جی جے ٹی ایم سی گلگت میں لیپڈری ورکشاپ میں جیم اسٹون کٹنگ اور پالشنگ کے طلبہ تربیت حاصل کرتے ہوئے۔

# اسئینگ اینڈ ہال مارکنگ سینٹرز

## گولڈ سمتھ کمپنی اسئے آفس لندن میں تربیت:

پی جی جے ڈی سی کے اسئینگ اینڈ ہال مارکنگ سینٹرز لاہور اور کراچی کے ٹیکنیکل سٹاف نے گولڈ سمتھ کمپنی اسئے آفس لندن سے قیمتی دھاتوں کی اسئینگ اینڈ ہال مارکنگ سے متعلق ٹریننگ حاصل کی۔ اس تربیتی پروگرام کے ذریعے پی جی جے ڈی سی کے



اسٹاف کو قیمتی دھاتوں کی جدید ٹیسٹنگ سے متعلق مفید معلومات ملیں۔ جس میں Cupellation, XRF اور Titration کے جانچ کے طریقے شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ہال مارک (Hallmark) کے طریقوں جیسے ہینڈ پروسیسنگ اور لیزر ہال مارکنگ



بھی سکھائی گئی۔ اس تربیتی پروگرام کے ذریعے طلبہ کو قدیم اور جدید ہال مارکنگ کے طریقوں سے آگاہی ملی۔ کمپنی کے سٹاف نے لندن سے حاصل کی گئی تربیت اور ہال مارکنگ کے طریقوں کو پی جی جے ڈی سی اسئینگ اور ہال مارکنگ سینٹرز میں عملی بنایا۔

اسئینگ اینڈ ہال مارکنگ
سینٹرز



مس شیرازی کوآرڈینیٹر AKRSP کے ساتھ جی جے ٹی ایم سی گلگت میں میٹنگ۔




جی جے ٹی ایم سی گلگت نے AKRSP گلگت کے تعاون سے داسو ہراموش میں جیم اسٹون فیسٹنگ کورس کا انعقاد کیا۔



جی جے ٹی ایم سی گلگت نے AKRSP گلگت کے تعاون سے گوری کوٹ استور میں جیم اسٹون کٹنگ اور پالشنگ کورس کا انعقاد کیا۔


# زمرد:(Emerald)

زمرد ایک ہرے رنگ کا قیمتی پتھر ہے۔ جو کہ کیمیائی طور پر بیریلیم ،المونیم ،سلیکٹ ہے۔ زمرد میں ہرا رنگ کرومیم کی موجودگی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ زمرد قدرتی شکل میں ۸۔۵۔۷ ہاڈرنس ۲.۷۶، کثافت اور ہیگسا گونل کرسٹل میں پایا جاتا ہے۔ اس کا نام یونانی لفظ سمارا گڈس سے لیا گیا ہے۔ زمرد چار انتہائی قیمتی پتھروں میں سے ایک پتھر ہے۔ دوسرے قیمتی پتھر، یاقوت، نیلم اور ہیرا ہیں۔

یہ مئی کے ماہ میں پیدا ہونے والے لوگوں کا پیدائشی پتھر ہے۔ زمرد کی دوسرے قیمتی پتھروں کی طرز پر درجہ بندی کی جاتی ہے اور اس درجہ بندی کیلئے چار بنیادی عوامل رنگ، کاٹ، شفافیت اور کیرات کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے۔ قیمتی پتھروں کی قیمت کا اندازہ لگانے میں پتھر کے رنگ خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔



کولمبیا دنیا میں زمرد کی کان کنی کا سب سے بڑا مرکز ہے موزو، کوکوز، اور چیور کولمبیا زمرد کی کان کنی کے تین بڑے مراکز ہیں۔ زیمبیا، برازیل اور زمبابوے بھی انٹرنیشنل مارکیٹ میں زمرد کے بڑے سپلائرز سمجھے جاتے ہیں۔ افغانستان اور پاکستان میں پائے جانے والے زمرد خاص اہمیت کے حامل ہیں۔ وادئ سوات میں پائے جانے والا زمرد دنیا کے بہترین زمرد میں شمار ہوتا ہے۔ تاریخی طور پر زمرد شاہی خاندانوں اور اشرافیہ کے استعمال میں رہا ہے۔ پہلی عیسوی صدی میں مصر کے بادشاہوں نے عظیم رومن جنرل لکولس کی مورت کُندہ کروا کر پیش کی۔



کہا جاتا ہے کہ زمرد مصر کی ملکہ کلوپطرہ کا پسندیدہ پتھر تھا۔ انسانی تاریخ میں زمرد کی قدیم ترین کان بحیرۂ احمر کے قریب، مصر کے بالائی علاقے میں صدیوں پہلے دریافت کی گئی تھی۔ ایران کا ریاستی خزانہ زمرد کے شاندار نوادرات پر مشتمل ہے۔ جس میں ایران کی سابقہ خاتونِ اوّل شہزادی فرح دیبا کا زمرد سے مزین تاج بھی شامل ہے۔ تاج محل کو بنوانے والے مغل بادشاہ شاہ جہاں کو زمرد سے والہانہ عشق تھا۔ اس حد تک تھا کہ اس نے مقدس آیات کو نہ صرف زمرد میں کنندہ کروایا بلکہ تعویذ کے طور پر بھی اس کا استعمال کیا۔ ہندوؤں کی مقدس کتاب وید، زمرد کو خوش بختی اور خوش حالی سے تعبیر کرتی ہے۔ فی زمانہ مغلائی زمرد کہلانے والے یہ قیمتی پتھر، آجکل جدید عجائب گھروں کی زینت ہیں۔ عظیم فاتح سکندرِ اعظم کی کمر پر سجی پیٹی دیدہ زیب زمرد سے آراستہ تھی۔

ہنری دوئم جب 1171 میں آئرلینڈ کے تخت پر براجمان ہوا تو اُس وقت اُسے زمرد کی ایک بڑی انگوٹھی پیش کی گئی۔

ملکہ ایلزبیتھ دوئم بھی زمرد کے بہت سے زیورات کے ساتھ ساتھ ایک بیش قیمت زمرد کندہ تاج کی مالک بھی تھیں۔ دورِ حاضر کی مشہور اداکارہ Marlene Dietrich زمرد کے برسلیٹ اور کلپ بروچ اپنی اکثر اپنی فلموں میں استعمال کرتی ہیں۔ ایک اور مشہور شخصیت گریس کیلی کو پرنس رائزء نے منگنی کے موقع پر 12 قیراط زمرد کی بنی ہوئی انگوٹھی پیش کی تھی۔


ہمیں اپنی آراء سے آگاہ کرنے کے لئے

marketing@pgjdc.org پر لکھیں۔

تمام پچھلے نیوز لیٹرز ہماری ویب سائٹ

http://www.pgjdc.org پر موجود ہیں۔

**پاکستان جیمز اینڈ جیولری ڈیولپمنٹ کمپنی**

پاکستان انڈسٹریل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کا ذیلی ادارہ، کمپنی آرڈیننس 1984 کی دفعہ 42 کے تحت قائم شدہ کمپنی

وزارتِ صنعت و پیداوار، حکومتِ پاکستان

آفس نمبر 115 ـ 118، پہلی منزل، پروگریسیو پلازہ، بیومانٹ روڈ، کراچی، پاکستان

فون: 7-35631395-21-92+ فیکس: 35631398-21-92+ ای میل: info@pgjdc.org ویب سائٹ: www.pgjdc.org

facebook.com/gjpakistan; twitter.com/gjpakistan